از دفتر کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں کینٹ

نوٹس نیلام عام 16 ایکڑ زرعی اراضی

کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں اپنی زرعی اراضی رقبہ (16 ایکڑ) نزد ملٹی پرپز ہال کھاریاں کینٹ برائے کاشتکاری عرصہ چار سال کیلئے کینٹونمنٹ لینڈ ایڈمنسٹریشن رولز 1937 کے شیڈول (xiv) کے تحت مورخہ 10 جون 2024 کو بوقت 11:00 بجے دن دفتر کینٹونمنٹ بورڈ میں نیلام کر رہا ہے۔ جسکی شرائط درج ذیل ہیں۔
خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

شرائط نیلامی :-

1- اراضی کینٹونمنٹ لینڈ ایڈمنسٹریشن رولز 1937 کے شیڈول (xiv) کے تحت پٹہ پر دی جائے گی۔

2- ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زرضمانت مبلغ -/100,000 بشکل بینک کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کھاریاں جمع کرانا ہوگی۔ جو کہ ما سوائے کامیاب بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کر دیا جائے گا۔

3- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم کا 1/4 حصہ موقع پر ہی ادا کرنا ہوگی بصورت دیگر دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو یہ پیشکش کی جائے گی اگر وہ بھی ایسا کرنے میں ناکام رہا تو تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والے کو ٹھیکہ لینے کی پیشکش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ موقع پر 1/4 رقم کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندگان کی جمع شدہ زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

4- بولی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر بولی کی رقم کا بقیہ 3/4 (تین چوتھائی) حصہ جمع کرانا لازم ہوگا۔ بصورت دیگر پہلے سے ادا شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

5- دوران پٹہ داری بصورت سرکاری ضرورت اراضی کا قبضہ سات دن کے نوٹس اور کھڑی فصل کا معاوضہ ادا کرنے پر واپس لیا جاسکے گا۔

6- کرایہ ہر سال 10 فیصد کے حساب سے بڑھایا جائے گا۔

7- کرایہ داری کے حقوق نا قابل انتقال ہیں۔ ذیلی کرایہ داری کی اجازت نہ ہوگی۔

8- بولی دہندگان کو کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

9- مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہوگا کہ وہ بمطابق پیپرا رولز (PPRA RULES) بولی کو منظور یا مسترد کردے۔

10- کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔

11- کامیاب بولی دہندہ کو پانی اور بجلی کا خود بندوبست کرنا ہوگا۔

12- کامیاب بولی دہندہ کو ایک سال کرایہ کے مساوی رقم بطور سکیورٹی جمع کرانا ہوگی جو کہ بعد میعاد واپس کردی جائے گی۔

13- بولی کی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو سات دن کے اندر شیڈول (xiv) مجریہ 1937ء کے تحت دفتر کے ساتھ معاہدہ اپنے خرچہ پر تحریر و تکمیل کرنا ہوگا۔

14- پٹہ دار زرعی زمین پر بغیر دفتر ہذا کی منظوری کے کوئی تعمیر نہ کر سکے گا۔

نوٹ- مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے / مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 11۔ جون 2024ء کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوئی تو پھر مورخہ 12۔ جون 2024ء کو سہ بارہ بولی ہوگی۔

المشتہر

(ردا عابد چیمہ)

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کھاریاں کینٹ

CS CamScanner